DEDICATED TO SERVE

Overseas Pakistanis Foundation

ISO 9001:2015 Certified

ISO 37001:2016 Certified




## تعارف:

سمندر پار پاکستانیوں اور انکے اہل خانہ کے مسائل کے حل اور مفادات کے تحفظ کے لئے حکومت پاکستان نے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کو امیگریشن آرڈیننس کے تحت مارچ 1979ء میں قائم کیا۔ یہ ادارہ وزارت سمندر پار پاکستانیز و ترقی، انسانی وسائل کے زیرِ نگرانی کام کر رہا ہے۔

اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کا ہیڈ آفس اسلام آباد واقع ہے۔ علاقائی دفاتر پاکستان کے چاروں صوبائی دارالحکومتوں، کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، ملتان اور میر پور (آزاد جموں و کشمیر) میں قائم ہیں۔ او پی ایف سمندر پار پاکستانیوں کی فلاح و بہبود شکایات کا ازالہ اور خدمت کے لئے منصوبہ بندی کرتا ہے جن میں صحت کی سہولیات کی فراہمی کا قیام، سمندر پار پاکستانیوں اور انکے اہل خانہ کی معاونت، بین الاقوامی ائیر پورٹس پر آمد اور روانگی کے وقت سمندر پار پاکستانیوں کی رہنمائی، زرمبادلہ کی قانونی ذرائع سے ترسیل کی حوصلہ افزائی، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے بقایاجات کے حصول میں مدد اور سمندر پار پاکستانیوں کی معاشی بحالی جیسے امور شامل ہیں۔

## سمندر پار پاکستانیوں کے لیے OPF-DGI&P MRP سہولت مرکز:

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور ان کے زیرِ کفالت افراد کے لیے OPF ہیڈ آفس، اسلام آباد میں ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹ (DGIP) کے تعاون سے مشین ریڈایبل پاسپورٹ (MRP) کی سہولت کا قیام۔

# او پی ایف ریجنل دفاتر

### ریجنل آفس لاہور:

پتہ: او پی ایف ریجنل آفس I-M، گلبرگ۔ III، لاہور

فون نمبر: +92-42-99333100, +92-42-99333101

punjab@opf.org.pk

lahoreopf1@gmail.com

### ریجنل آفس کراچی:

پتہ: 2/A-20، بلاک 6، PECHS-6، نزد بینک الحبیب، مین شاہراہ فیصل، کراچی

فون نمبر: +92-21-34534868

ای میل: opf_khi@hotmail.com، sindh@opf.org.pk

### ریجنل آفس پشاور:

پتہ: او پی ایف ریجنل آفس، پلاٹ نمبر 33، سیکٹر B-1 فیز V-، (نزد نیشنل بینک، حیات آباد برانچ)، حیات آباد، پشاور

فون نمبر: +92-91-9217215

ای میل: kpk@opf.org.pk

### ریجنل آفس کوئٹہ:

پتہ: مکان نمبر 1-A، بلاک نمبر 4، سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ

فون: +92-81-9211178

ای میل: opfqta@gmail.com

### ریجنل آفس ملتان:

پتہ: شمع پلازہ 123/ABC دوسری منزل اولڈ بہاولپور روڈ، نشتر چوک، ملتان

فون نمبر: +92-61-9200707

ای میل: multan@opf.org.pk

### ریجنل آفس میر پور

پتہ: او پی ایف ریجنل آفس، او پی ایف وہاؤسنگ سکیم فیز III، چتر پاری، میر پور (AJ & K)

فون: +92-5827-920470, 92-5827-920469

mirpur@opf.org.pk

## او پی ایف فری ایمبولینس سروس:




او پی ایف بیرون ملک سے وطن لائی جانے والی میتوں کو پاکستان کے بین الاقوامی ہوائی اڈوں سے ان کے آبائی علاقوں تک فری ایمبولینس سروس کے ذریعے پہنچائی جاتی ہے۔

فون نمبر: 0092-51-9048305, 0092-51-9048310

## ون ونڈو سہولیاتی ڈیسک:

او پی ایف کا ون ونڈو سہولیاتی ڈیسک پاکستان میں 9 ہوائی اڈوں پر دیگر متعلقہ اداروں کے تعاون سے سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل فوراً حل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔




## ائیر پورٹ پر سہولیات کی فراہمی

پاکستان کے تمام بڑے بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر ون ونڈو فیسی لیٹیشن ڈیسک (OWFDs) اوورسیز پاکستانیوں کی سہولت کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ان کی آمد اور روانگی کے وقت ضروری مدد فراہم کی جاتی ہے۔

## پولیس اسٹیشن میں او پی ایف سہولیاتی ڈیسک کا قیام:




سمندر پار پاکستانیوں اور ان کے اہل خانہ کی راہنمائی اور شکایات کے جلد ازالے کے لئے اسلام آباد پولیس سٹیزن سروس سینٹر سیکٹر F-6/1 میں سہولیاتی ڈیسک قائم کیا گیا ہے۔

## امراض چشم کے ہسپتال:




سماجی بہبود کے پروگرام کے تحت 10 بستروں پر مشتمل امراض چشم کا ہسپتال یارو کھوسو ضلع ڈیرہ غازی خان میں قائم کیا گیا جہاں مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کے علاوہ آنکھ کے آپریشن بھی کئے جاتے ہیں۔

## تارکین وطن کا دوبارہ انضمام:



اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (OPF) نے پاکستان جرمن فیسیلیٹیشن اینڈ ری انٹیگریشن سینٹر (PGFRC) کے تعاون سے واپس آنے والے تارکین وطن کیلئے سماجی و اقتصادی اقدامات شروع کئے ہیں۔ PGFRC کاروبار کی ترقی اور روزگار کی تربیت فراہم کر رہا ہے۔ جس سے ذاتی کاروبار شروع کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## او پی ایف۔ نادرہ سوئفٹ سینٹر:

او پی ایف ہیڈ آفس، اسلام آباد میں او پی ایف۔ سوئفٹ سینٹر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں اور ان کے خاندانوں کو CNIC اور NICOP کے اجراء اور نادرا کی جانب سے پیش کردہ متعلقہ خدمات کے لئے خصوصی خدمات فراہم کرتا ہے۔

## او پی ایف کا نصب العین:


- سمندر پار پاکستانیوں اور پاکستان میں مقیم ان کے اہل خانہ کے مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لئے کوشش کرنا، نیز فلاح و بہبود کے منصوبے تیار کرنا۔
- سمندر پار پاکستانیوں اور انکے خاندانوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانا اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مناسب وسائل اور ہم آہنگی پیدا کر کے واپسی پر ان کی منظّم بحالی میں اپنا کردار ادا کرنا۔

### فلاحی خدمات:

او پی ایف کی جانب سے سمندر پار کستانیوں اور ان کے اہل خانہ کو درج ذیل مراعات/سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

### مقاصد کے حصول کے لئے فاؤنڈیشن کے مختلف شعبوں کا قیام:

## او پی ایف کی رُکنیت کا طریقہ کار:




او پی ایف کی خدمات کے حصول کے لئے او پی ایف کا رُکن بننا لازمی ہے۔ تمام پاکستانی نژاد خواتین و حضرات جو بیرون ملک مقیم ہیں اور جن کی عمر 18 سال سے زائد ہے وہ رکنیت فارم کے ہمراہ مبلغ -/4000 روپے کا بینک ڈرافٹ بنام او پی ایف یا نقد بینک میں جمع کروا کر رُکن بن سکتے ہیں۔ ایسے پاکستانی جو بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کے ادارے پروٹیکٹر آف امیگریشن سے پروٹیکٹ ہو کر بیرون ملک گئے ہیں۔ وہ اپنے پاسپورٹ اور پروٹیکٹر کی مہر والے صفحہ کی نقول رُکنیت فارم کے ہمراہ بغیر فیس کے بھجوا کر او پی ایف کا رُکنیت کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔

فوری لنک: (https://www.opf.org.pk/opf-membership/)

فون نمبر: 0092-51-9048288, 092-51-9048289, 0092-51-9048292

ای میل: regn@opf.org.pk

## رُکنیت کے دستاویزات:

فارم ہذا کو پُر کرنے کے بعد مندرجہ ذیل دستاویزات کی نقول فراہم کرنے پر آپ کو او پی ایف کا رُکنیت کارڈ جاری کیا جا سکے گا۔

1- موجودہ پاسپورٹ کی نقل (پہلے صفحہ کی کاپی)
2- پروٹیکٹر والے پاسپورٹ کی نقل (پہلے صفحہ اور پروٹیکٹر مہر والے صفحہ کی کاپی)
3- کارآمد قومی شناختی کارڈ کی نقل
4- ویزا اور اقامہ کی نقول
5- میزبان ملک کا رہائشی اجازت نامہ کم از کم ایک سال
6- پروٹیکٹر کی غیر موجودگی میں مبلغ -/4000 روپے فیس

## شعبہ بہبود و خدمات:




☆ مالی امداد:

بیرون ملک قیام کے دوران وفات یا مستقل معذوری کی صورت میں او پی ایف مرحوم سمندر پار پاکستانی کے لواحقین/متاثرہ رُکن (او پی ایف) کو چار لاکھ روپے اور مستقل معذوری کی صورت میں تین لاکھ روپے کی مالی امداد دیتی ہے۔

☆ تدفین کی امداد:

بیرون ملک قیام کے دوران وفات کی صورت میں مرحوم کے اہل خانہ کو مبلغ -/25,000 روپے بطور آخری رسومات کی ادائیگی کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ مذکورہ گرانٹ میت کی پاکستان منتقلی کے ایک ماہ کے اندر بے سہارا اور ضرورت مند خاندانوں کو ادا کی جاتی ہے۔

فون نمبر: 0092-51-9048302, 0092-51-9048309, 0092-51-9048313

فون لنک: (https://www.opf.org.pk/financial-assistance/)

## بیرون ملک سے واجبات کی وصولی:




سمندر پار پاکستانیوں کے بیرون ملک ہر قسم کے واجبات مثلاً خون بہا، موت اور معذوری کی صورت میں معاوضہ، فیملی پنشن، انشورنس کلیم وغیرہ کی وصولی کو ممکن بنانے کے لئے بھی اقدامات کیے جاتے ہیں۔ او پی ایف بیرون ملک پاکستانی سفارتخانوں سے مل کر یہ فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ شعبہ بہبود و خدمات کے زیر التوا مذکورہ نوعیت کے معاملات کو جلد از جلد حل کروانے کے لئے متعلقہ سفارتخانوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتا ہے۔ بیرون ملک متعلقہ کمپنیوں/اداروں سے مذکورہ رقوم وصول کر کے متعلقہ خاندانوں میں قانون کے مطابق تقسیم کی جاتی ہے۔

فوری لنک (https://www.opf.org.pk/foreign-employment-dues-compensation/)

فون نمبر: 0092-51-9048308, 0092-51-9048304, 0092-51-9048303

ای میل: dues@opf.org.pk

## بیرون ملک وفات:

کسی بھی بیرون ملک مقیم پاکستانی کی وفات کی صورت میں او پی ایف میت کی وطن واپسی کے لئے لواحقین کو دستاویزات کی تیاری میں رہنمائی فراہم کرتا ہے اور ان دستاویزات کو پاکستانی سفارتخانوں تک فوراً پہنچاتی ہے تا کہ میت کی جلد واپسی کا عمل یقینی بنایا جا سکے۔

## شکایات کے حل کے لئے خدمات:

سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل و معاملات مثلاً شناختی کارڈ کا اجراء، گیس اور بجلی کے میٹر، جائیدادوں کے تنازعات وغیرہ سے متعلق ملنے والی شکایات کے حل کے لئے فاؤنڈیشن متعلقہ اداروں سے رابطے کرتی ہے اور اعلیٰ حکام کی مدد سے مسائل حل کرائے جاتے ہیں۔ اس سلسلہ میں او پی ایف نے ون ونڈو سہولیاتی ڈیسک کا قیام عمل میں لایا ہے۔

## آن لائن شکایات کا اندراج:



بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے او پی ایف نے آن لائن شکایات وصول کرنے کا نظام متعارف کروایا ہے۔ جس کے تحت کسی بھی ملک سے کوئی بھی پاکستانی اپنی شکایات درج کروا سکتا ہے۔ شکایات فوری طور پر متعلقہ محکموں کو ضروری کارروائی کے لئے ارسال کر دی جاتی ہیں اور درخواست دہندہ بذریعہ آن لائن اپنی درخواست پر ہونے والی پیش رفت سے آگاہی حاصل کر سکتا ہے۔

فون لنک: (https://opf.pitb.gov.pk/index.php/)

(https://web.citizenportal.gov.pk)

فون نمبر: 0092-51-9048312, 0092-051-9048300, 0092-51-9048307

امی میل: complaints@opf.org.pk

## 24/7 شکایتی مرکز:





اوورسیز پاکستانیز اور اُنکے اہل خانہ کی معاونت کے لئے ویلفیئر اینڈ سروسز ڈویژن او پی ایف، ہیڈ آفس نے ہفتہ میں سات روز 24 گھنٹے کام کرنے والا ایک خصوصی شکایتی مرکز قائم کیا ہے۔ یہ شکایتی مرکز اوورسیز پاکستانیز کو ہمہ وقت معاونت فراہم کرتا ہے۔

فون نمبر: یو اے این نمبر: 0092-51-111-040-040

وٹس ایپ نمبرز: 0092-301-9872195, 0092-306-0329901

## جیل/جائے مقام (ٹھکانہ)/وطن واپسی سیکشن:

جیل/جائے مقام (ٹھکانہ) کا سیکشن بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی رہائی اور ان کا سراغ لگانے کے لئے بیرون ملک پاکستانی مشنز کے ساتھ تعاون کرتا ہے، جو بیرون ممالک میں زیر حراست/لاپتہ ہیں۔ قانونی ورثاء/اہلخانہ کی جانب سے درخواست موصول ہونے کے بعد فاؤنڈیشن ان کی جلد از جلد رہائی اور بعد ازاں پاکستان واپسی کے لئے متعلقہ حکام اور پاک مشن سے رابطہ کرتی ہے۔




فون نمبر: 0092-51-9048305

0092-51-9048310, 0092-51-9048240

ای میل: jail@opf.org.pk